PR IX(01)16

اردو (لازمی) (نیا کورس)

9th (Fresh/Reappear)

اردو (لازمی) (نیا کورس)

9th (Fresh / Reappear)

سوال: ا مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جوابات کا انتخاب کریں۔ اور اپنا انتخاب یعنی (الف ،ب، ج یاد) ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانہ میں لکھیں۔

(ا) جس شخص نے اللہ کے نام پر سوال کیا وہ ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) متقی (ب) متکبر (ج) ملعون (ر) منافق (ج)

(۲) نصیر کی ماں کا کیا نام تھا؟

(الف) فاخرہ (ب) عباسی (ج) راشدہ (د) شاکرہ (د)

(۳) آپ کی درسی کتاب میں مولوی نذیر احمد کا کون سا سبق شامل ہے؟

(الف) قومی اتفاق (ب) نصوح کا خواب (ج) حج اکبر (د) غلام (ب)

(۴) سبق ''دستک'' صنف نثر کے لحاظ سے کیا ہے؟

(الف) ڈرامہ (ب) ناول (ج) افسانہ (د) داستان (الف)

(۵) سبق ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' محمد حسین آزاد کی کتاب ۔۔۔۔۔۔ سے لیا گیا ہے۔ (الف) آب حیات (ب) نیرنگ خیال (ج) حیات جاوید (د) دربارِ اکبری

(ب)

(۶) ماما ۔۔۔۔۔۔ کی بڑی تیز تھیں۔

(الف) ذہن (ب) نظر (ج) ہاتھ (د) کام (ب)

(۷) انگریزی حکومت نے کس کو شمس العلماء کا خطاب دیا؟ (الف) سولانا شبلی نعمانی (ب) محمد حسین آزاد (ج) مولوی نذیر احمد (د) ان میں کوئی نہیں (الف)

(۸) شیر نے ہندوستان پر سترہ حملے کئے۔ لفظ ''شیر'' گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ (الف) ذومعنی (ب) تشبیہ (ج) استعارہ (د) کنایہ (ج)

(۹) ''[illegible] کا خواب'' کونسی صنف ادب ہے؟ (الف) ناول (ب) افسانہ (ج) ڈرامہ (د) داستان (الف)

(۱۰) ''الماس نے باجا بجایا'' اس جملے میں الماس ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) فاعل (ب) مفعول (ج) فعل (د) صفت

(الف)

(۱۱) ''یادگارِ غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) شبلی نعمانی (ب) الطاف حُسین حالی (ج) محمد حسین آزاد (د) مولوی نذیر احمد

(ج)

(۱۲) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی حق ۔۔۔ ہم ادا کر چلے

(الف) زندگی (ب) فقیری (ج) مسلمانی (د) بندگی (د)

(۱۳) فرحت اللہ بیگ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(الف) مزاح نگاری (ب) افسانہ نگاری (ج) ڈرامہ نگاری (د) ناول نگاری

(الف)

(۱۴) فنی لحاظ سے ''آرام وسکون'' کیا ہے؟

(الف) کہانی (ب) افسانہ (ج) ڈرامہ (د) ناول (ج)

(۱۵) رنگگل قواعد کی رو سے مرکب ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) توصیفی (ب) اضافی (ج) عطفی (د) جاری (ب)

PR IX(01)16

اردو (لازمی) (نیا کورس)

9th (Fresh/Reappear)

سیکشن (ب)

سوال-11 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے نو (9) اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

(ا) مصنف نے آپؐ کے اخلاق کا سب سے نمایاں وصف کیا بتایا ہے؟

(۲) برادران یوسف سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

(۳) وہم کی تصویر کس طرح پیش کی گئی ہے؟

(۴) شاکرہ کو بوڑھی دایہ پر کیا شک تھا؟

(۵) ہمسائے کی سزا سے رہائی کیسے ممکن ہوئی؟

(۶) ڈرامہ ''آرام وسکون'' سے بیگم صاحبہ کی شخصیت کے کون کون سے پہلو نمایاں ہوتے ہیں؟

(۷) مصنف نے سفارش طلبوں سے نبٹنے کا کیا طریقہ بتایا ہے؟

(۸) مرزا اسداللہ خان غالب کے کلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

(۹) جملے بنائیں۔ یک جہتی، برادرانہ برتاؤ، ٹس سے مس نہ ہونا، ناک میں دم کر دینا۔

(۱۰) ذومعنی الفاظ سے کیا مُراد ہے؟ کوئی سے تین الفاظ اور انکے معنی لکھیں۔

(۱۱) ان الفاظ کے مترادف لکھیں۔ ندامت، یورش، عارضہ، تلوار۔

(۱۲) جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

سیکشن (ج)

نوٹ:- درجہ ذیل میں سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

سوال-III سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف) غرض اسی طرح کئی شخص تھے کہ اپنی اپنی حالت میں گرفتار تھے اور اپنے کیے پر پچھتا رہے تھے، مثلاً کسی بیمار نے افلاس لے لیا تھا۔ وہ اس سے ناراض تھا۔ کسی کو بھوک نہ لگتی تھی، وہ اب جوع البقر کے مارے پیٹ ۔۔۔ ایک شخص نے فکر سے دِق ہو کر اسے چھوڑا تھا، اب وہ دردِ جگر کا مارا لوٹ رہا تھا۔ غرض ہر شخص کو دیکھ کر عبرت ۔۔۔ حاصل ہوتی تھی۔

(ب) ''میں نہ کہتا تھا، یہ بیماری آج کل عام ہے۔ ہر بات میں پاکستان ۔۔۔ پاکستان کا اللہ مالک ہے، اس طرح دنیا کے کام نہیں چلتے۔ ہم تم دنیا دار آدمی ہیں۔ ہم قائداعظم تھوڑے ہی ہیں، لوہاں کر لو۔'' سادہ لفظوں میں اس فلسفے کے معنی یہ ہیں کہ پاکستانکو چلانے کی تمام ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر ہے۔ دیانت داری فقط قائداعظم کیلئے ہے اور ہمارا کام صرف دنیا داری ہے۔ لفظ دنیاداری تین اجزاء کا مرکب ہے۔ چوری، رشوت اور خویش پروری کا۔

سوال-IV شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔

(لف) پھر رسائی کی رسا تقدیر نے   پھر مدینے ہو کے ہم زائر چلے
شوق دل نے کی دوبارہ رہبری   آگے بھی ہو آئے تھے اب پھر چلے

(ب) یہی مقصودِ فطرت ہے، یہی رمزِ مسلمانی   اُخوت کی جہانگیری، محبت کی فراوانی
بتانِ رنگ وخوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جا   نہ تورانی رہے باقی، نہ ایرانی، نہ افغانی

سوال-V بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔

(الف) تلاش یار میں کیا ڈھونڈیے کسی کا ساتھ   ہمارا سایہ ہمیں، ناگوار راہ میں ہے
سفر ہے شرط، مسافر نواز بہتیرے   ہزارہا شجرِ سایہ دار راہ میں ہے

(ب) یا تو افسر مرا شاہانہ بنایا ہوتا   یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا
خاکساری کے لیے گرچہ بنایا تھا مجھے   کاش خاکِ درِ جانانہ بنایا ہوتا

سوال-VI اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اس معاشرے میں پھیلتی ہوئی برئیوں سے بچنے کی تلقین کریں۔

یا

درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

ان نااتفاقیوں نے ہماری قوم کو نہایت ضعیف اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ جمعیت کی برکت ہماری قوم سے جاتی رہی ہے۔ قومی ہمدردی، قومی ترقی اور قومی امور کے سرانجام دینے میں اس نالائق نااتفاقی نے سب کچھ اثرِ بد پہنچایا ہے۔ پس ہماری قومی ترقی کا سب سے اول امر حلہ یہ ہے کہ ہم سب آپس کی محبت سے اس عداوت اور نفاق کو یکتائی اور یکجہتی سے مبدل کریں۔

سوال نمبر 1:- کس چیز نے ہماری قوم کو کمزور بنا دیا ہے

سوال نمبر 2:- قومی ترقی کیلئے اولین شرط کیا ہے؟

سوال نمبر 3:- نااتفاقی کا اثر کن امور پر پڑتا ہے؟

سوال نمبر 4:- اقتباس کیلئے موزوں عنوان تجویز کریں۔

www.ilmkidunya.com